**TotalMarks:....** **Class:9th** **Time:....**

**Test:GeneralMath**

**Attempt ......... questions**

1 ایک گھر اور ایک زمین سے سالانہ آمدنی بالترتیب 15,00,000 روپے اور 20,00,000 روپے ہے۔ ان دونوں میں سے ہر ایک پر 16% 
شرح سے پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجئے۔

2 دو آدمیوں کی کل قابل ٹیکس آمدنی بالترتیب 2,50,000 روپے اور 3,10,000 روپے ہے۔ دونوں کی آمدنی پر 4.5% کی شرح 
سے قابل ادا انکم ٹیکس معلوم کیجئے۔

3 ایک بائیسکل کی قیمت 3500 روپے ہے۔ اگر سیلز ٹیکس کی شرح 16% ہو تو ایسے 50 بائیسکلوں کی قیمت پر سیلز ٹیکس معلوم کیجیے۔

4 ایک شخص کی سالانہ آمدنی بشمول تمام الاؤنسز 3,60,000 روپے ہے۔ جبکہ چھوٹ کی رقم 1,80,000 روپے ہے۔ اس شخص کو 
0.75% کے حساب سے کتنا ٹیکس ادا کرنا ہو گا؟

5 ایک شخص کی کل سالانہ آمدنی 4,30,000 روپے ہے۔ اگر اسے قابل ادا ٹیکس پر 3000 روپے چھوٹ دی جاتی ہو تو اسے 4.5% کی 
شرح سے کتنا انکم ٹیکس ادا کرنا ہو گا؟

6 درج ذیل میں کی گئی ٹیلی فون کی کالز کی تعداد دی گئی ہے۔ کال کی شرح 5 روپے فی کال، ایف۔ای۔ڈی 15% کی شرح اور ڈبلیو۔ایچ۔ 
ٹیکس 4% کی شرح سے شامل کرکے ٹیلی فون بل مکمل کیجئے۔ 315

7 اگر ایک ائیر کنڈیشنر کی قیمت 40,000 روپے ہو تو اس پر 16% کی شرح سے سیلز ٹیکس کی رقم معلوم کیجیے۔ 
مزید ائیر کنڈیشنر کی قیمت بمعہ سیلز ٹیکس بھی معلوم کیجئے۔

8 درج ذیل میں کی گئی ٹیلی فون کی کالز کی تعداد دی گئی ہے۔ کال کی شرح 5 روپے فی کال، ایف۔ای۔ڈی 15% کی شرح اور ڈبلیو۔ایچ۔ 
ٹیکس 4% کی شرح سے شامل کرکے ٹیلی فون بل مکمل کیجئے۔ 270

**Attempt ......... questions**

1 ایک آدمی ایک 1000 سی سی کار خریدنا چاہتا ہے۔ اسے کار کی قیمت پر 150% ایکسائز ڈیوٹی ادا کرنی ہو گی۔ اگر کار کی قیمت 
5,00,000 روپے ہو تو اسے کل کتنی رقم ادا کرنا ہو گی؟

2 اگر ایک شخص کی بنیادی تنخواہ 18000 روپے، کرایہ مکان الاؤنس 3500 روپے، مہنگائی الاؤنس 3000 روپے اور کنوینس الاؤنس 
1500 روپے اور میڈیکل الاؤنس 500 روپے ہو تو اس شخص کی مجموعی ماہانہ تنخواہ کیا ہو گی؟

paragongrw.com

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan